مانو میں پانچویں قومی اردو سماجی علوم کانگریس کا 2 اور 3 فروری 2022 کو اہتمام

مقالہ نگاروں کو ضروری اطلاع۔ پروفیسر فریدہ صدیقی، ڈین، اسکول برائے فنون و سماجی علوم و کنوینر کا بیان

حیدرآباد، 20/دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اسکول برائے فنون و سماجی علوم کے زیر اہتمام پانچویں قومی اردو سماجی علوم کانگریس 2022 کا 2 اور 3/فروری کو آن لائن اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانگریس کا موضوع ''جنوبی ایشیاء میں سماجی علوم'' رکھا گیا ہے۔

پروفیسر فریدہ صدیقی، ڈین، اسکول برائے فنون و سماجی علوم و کنوینر کانگریس' نے بتایا کہ مذکورہ کانگریس کے انعقاد میں سماجی علوم کے آٹھ شعبہ جات کے علاوہ تین سنٹرز' البیرونی سنٹر فار اسکلیوزن اینڈ انکلیسیو پالیسی، سنٹر فار دکن اسٹڈیز اور سنٹر فار ویمن اسٹڈیز حصہ لے رہے ہیں۔ کانگریس کے ذیلی عنوانات میں، جنوبی ایشیا میں تانیثیت: نئے تحدیدات اور مذاکرات، جنوبی ایشیا میں نظم و نسقِ عامہ، مابعد کورونا کے پس منظر میں سوشل ورک کو درپیش چیلنجز اور امکانات، جنوبی ایشیا میں اسلامک اسٹڈیز: رجحانات اور امکانات، جنوبی ایشیا میں تاریخی تحقیق میں ہونے والی نئی تبدیلیاں، جنوبی ایشیا میں وباء اور سیاست، جنوبی ایشیا میں اقتصادی ترقی: کووڈ وباء کے تناظر میں، جنوبی ایشیا میں نقلِ مکانی اور ثقافتی تبادلہ جیسے موضوعات شامل ہیں۔

ڈاکٹر کنیز زہرا' کو کنویز کانگریس' کے بموجب مقالے صرف اردو (ان پیج یا یونیکوڈ) میں پیش کیے جانے چاہئیں۔ مقالہ کی تلخیص داخل کرنے کی آخری تاریخ 5/جنوری/2022 ہے۔ داخل کردہ مقالوں کی تلخیص کے انتخاب کی معلومات 7/جنوری/2022 تک دے دی جائے گی۔ مکمل مقالہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 25/جنوری/2022 رکھی گئی ہے۔ مقالے کے ساتھ مقالہ نگار اپنا مکمل نام، پتہ اور رابطہ کی تمام تفصیلات فراہم کریں۔ تلخیص اور مقالے ای میل nusscmanuu@gmail.com پر بھیجے جاسکتے ہیں۔ آن لائن رجسٹریشن فارم یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر دستیاب رہے گا۔ کانگریس کا لنک رجسٹرڈ شرکا کو ہی فراہم کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات فون نمبرات 9848248946 یا ای میل nusscmanuu@gmail.com سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔